فوری ریلیز کے لیے: 2022/1/7 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے ریاست نیو یارک کے آئین میں مساوی حقوق کا احاطہ کرنے کے لیے قرارداد پاس کرنے کا جشن منایا

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیو یارک کے آئین میں مساوی حقوق کا احاطہ کرنے کے لیے قرارداد پاس کرنے کا جشن منایا، یہ قرارداد ریاست نیو یارک میں اسقاط حمل تک رسائی کے حقوق کو ٹھوس بنائے گی۔ قانون وضع ہونے کے بعد، ترمیم ان موجودہ حفاظتوں میں نسل، قومی حسب نسب، عمر، معذوری اور جنس بشمول جنسی رجحان، جنسی شناخت، جنسی اظہار، حمل، حمل کے نتائج اور تولیدی نگہداشت صحت اور خود مختاری شامل کرے گی جو فی الحال نسل، رنگ، مذہب یا اعتقاد کی بنیاد پر امتیاز کا احاطہ کرتے ہیں۔ یہ گورنر کی طرف سے آج دن کے ابتدائی حصے میں قرارداد کو بے مثال سیشن ایجنڈا میں شامل کرنے کے باضابطہ اعلان کے بعد ہوا جو دراصل سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کے پیش نظر کیا گیا جس کے مطابق اسقاط حمل کے لیے وفاقی حفاظتیں ہٹا دی گئی ہیں۔

"صرف ایک ہی ہفتے میں، امریکیوں کو Roe v. Wade کے اختتام کے تباہ کُن نتائج نظر آنا اور محسوس ہونا شروع ہو چکے ہیں۔ سپریم کورٹ کی طرف سے تولیدی حقوق چھین لیے جانے کے خوفناک فیصلے کے مدنظر، ریاست نیو یارک ہمارے ریاستی آئین میں اسقاط حمل کے حق کے قانون میں تدوین کی طرف ایک بے مثل قدم اٹھا رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں اکثریتی رہنما Stewart-Cousins اور اسپیکر Heastie کی مشکور ہوں کہ انہوں نے اس اشد ضروری تحفظ کو آگے بڑھایا اور اسقاط حمل کے مریضوں اور فراہم کنندگان کے لیے قوم کی رہنمائی کرنے والی حفاظتوں کو ٹھوس بنانے میں مدد کی۔ وسیع پیمانے پر پھیلی تقطیب کے اس دور میں، نیو یارک اپنے آئین میں اس بات کا احاطہ کرنے کے لیے کام کر رہا ہے کہ چاہے آپ کسی سے بھی پیار کرتے ہوں، چاہے آپ کہیں سے بھی آئے ہوں یا آپ جیسے بھی اپنی شخصیت کا اظہار کرنے کا انتخاب کریں، ہم آپ کو یہاں خوش آمدید کہتے ہیں اور ہم آپ کی حفاظت کریں گے۔"

سینیٹ کی اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins نے کہا کہ، "Roe v. Wade کے استرداد نے یہ واضح کر دیا ہے کہ ریاست نیو یارک کو خواتین اور انفرادی حقوق کے تحفظ کے لیے کھڑے رہنا ہوگا اور اس ضمن میں قومی رہنما بننا ہوگا۔ اسی لیے ہم متحرک انداز میں قانون کے تحت مساوی حقوق کو وسیع پیمانے پر شامل کر رہے ہیں اور نیو یارک میں اسقاط حمل اور امتناع حمل کے آئینی حق کو یقینی بنا رہے ہیں۔ یہ ہماری ریاست کے لیے آگے کی طرف ایک بڑا قدم ہے جبکہ دوسرے پیچھے کی طرف جا رہے ہیں نیز یہ سپریم کورٹ کی طرف سے ہمارے حقوق پر حملوں کے خلاف ایک اہم موقف ہے۔ مجھے اپنے اتحادیوں پر بے حد فخر ہے کہ انہوں نے یہ تاریخی تبدیلیاں ہمارے آئین میں شامل کی ہیں اور میں اسپیکر Heastie اور گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اس کام کو انجام دینے کے لیے شراکت داری کی۔

اسمبلی اسپیکر Carl Heastie نے کہا کہ، "سپریم کورٹ نے خواتین کو مایوس کیا ہے اور امریکیوں کے حقوق کا تحفظ کرنے میں ناکام ہوگیا ہے۔ لیکن نیو یارک ایسا نہیں کرے گا۔ تین سال پہلے، ہم نے Roe v. Wade کی حفاظتوں کو قانون میں شامل کیا تھا لیکن آج ہم اپنی ریاست کے آئین میں خواتین کی تولیدی نگہداشت صحت اور نیو یارک کے تمام شہریوں کے مساوی حقوق کی حفاظتوں کا احاطہ کرنے کا عمل شروع کر چکے ہیں۔ اسمبلی کی اکثریت گورنر اور سینیٹ میں موجود ہمارے شراکت داران کے ساتھ مل کر نیو یارک کے شہریوں کے حقوق ان سے

چھینے جانے کی اجازت نہیں دے گی۔ ہم نیو یارک کو پیچھے دھکیلے جانے کے بجائے آگے کی طرف بڑھانے کی جنگ جاری رکھیں گے۔"

سینیٹر Liz Krueger نے کہا کہ، "نیو یارک کے شہری اپنے بنیادی حقوق کی پیشرفت کے استرداد کی سپریم کورٹ کی کوششوں کے خلاف لڑائی جاری رکھیں گے۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں نے اسقاط حمل اور دیگر تولیدی نگہداشت کے لیے طاقتور ترین تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ان حقوق کا احاطہ ہمارے آئین میں کیے جانے کے اس قدم میں گورنر اور اپنے قانون ساز ساتھیوں کے ساتھ شراکت کی۔ نیز ہمارے آئیں میں احاطہ کردہ گروہوں اور مساوی حقوق کی فراہمی میں توسیع نیو یارک کو ہمارے ملک کی کسی بھی اور ریاست کے مقابلے میں سب سے زیادہ جامع آئینی انسداد امتیاز تحفظ فراہم کرے گی۔"

اسمبلی رکن Rebecca Seawright نے کہا کہ، "جب ہم نے نیو یارک کے آئین میں مساوات سے متعلق ترمیم متعارف کروا کے اس تاریخی لڑائی کا آغاز کیا تو ہم نے ایسا نسل در نسل جدوجہد کرنے والے خواتین کے وکلاء اور شہریوں کے حقوق کے رہنماؤں کے سہارے سے ایسا کیا۔ گورنر Hochul، اسپیکر Heastie، اسمبلی اور سینیٹ کے ساتھیوں اور متعد وکلاء کے مستقل تعاون کی وجہ سے، ہم اپنی ریاست کی سب سے اہم سرکاری دستاویز میں انتخاب کرنے کے لیے خواتین کے حق اور امتیاز کے خلاف مساوی حفاظتوں کا احاطہ کرنے کے بے حد قریب ہیں۔ ریاست نیو یارک کی قیادت کی تیز چمکتی روشنی امریکی سپریم کورٹ کے ان تاریک و افسوسناک دنوں کو روشن کرتی رہے گی۔

قرارداد پاس ہونے کے اس پہلے یادگار موقع کے بعد، قرارداد کو اگلے قانون سازی کے سیشن میں دوبارہ پاس ہونا ہوگا جس کے بعد یہ حتمی منظوری کے لیے ووٹرز کے پاس جائے گی۔

یہ قدم اسقاط حمل تک رسائی کے تحفظ میں ریاست نیو یارک کی قیادت کو آگے کی طرف لے جاتا ہے۔ اس میں قوم کو فراہم کیا جانا والے 25 ملین ڈالر کا اسقاط حمل فراہم کنندہ کا سپورٹ فنڈ شامل ہے جس کی نگرانی اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ (State Department of Health) کرے گا تاکہ نیو یارک میں اسقاط حمل کی نگہداشت کے خواہشمند مریضوں کے لیے گنجائش میں توسیع اور رسائی کو یقینی بنایا جا سکے نیز 10 ملین ڈالر تولیدی نگہداشت صحت کے مراکز کے لیے ہوں گے تاکہ وہ ڈویژن آف کریمنل جسٹس سروسز (Division of Criminal Justice Services) کے ذریعے سیکورٹی مراعات تک رسائی حاصل کر سکیں اور یہ اشد ضروری نگہداشت انجام دینے والے فراہم کنندگان کا تحفظ یقینی بنانے میں مدد مل سکے۔

گورنر Hochul نے جامع، چھ بل پیکج پر دستخط کیے جنہیں قانون سازوں کی طرف سے پاس کیا گیا تاکہ نیو یارک میں مریضوں اور فراہم کنندگان کے لیے اسقاط حمل کے حقوق کو بچایا نیز محفوظ و مضبوط بنایا جا سکے۔ یہ قانون سازی مختلف قانونی تحفظات کے پیش نظر مخصوص اقدامات لیتی ہے بشمول تحفظ یافتہ حقوق میں غیر قانونی مداخلت کے لیے کارروائی کا سبب طے کرنا نیز ایڈریس کونفیڈینشیئلٹی پروگرام (Address Confidentiality Program) میں اسقاط حمل کے فراہم کنندگان اور مریضوں کو شامل کرنا۔ نئے بل ان ریاستوں میں مریضوں کو تولیدی سروسز فراہم کرنے والے نگہداشت صحت کے پریکٹیشنرز کے خلاف بدسلوکی کے چارجز سے بھی منع کرتے ہیں جہاں ایسی سروسز فراہم کرنا غیر قانونی ہے نیز قانونی نگہداشت فراہم کرنے والے اسقاط حمل کے فراہم کنندہ کے خلاف کارروائی کرنے سے طبی ناجائز انشورنس کمپنیوں کی ممانعت کرتی ہے۔

اس کے علاوہ، سپریم کورٹ کے Roe v. Wade کو منسوخ کرنے کے فیصلے کے فوراً بعد، گورنر Hochul نے ایک طاقتور، ملٹی پلیٹ فارم، بامعاوضہ عوامی تعلیم کی کمپین لانچ کی تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک کے شہریوں اور تمام امریکیوں کو یہ معلوم ہو سکے کہ ریاست نیو یارک میں اسقاط حمل ہمیشہ محفوظ، قانونی اور قابل رسائی رہے گا۔ پوری ریاست میں چلنے والی اس کمپین میں ملٹی پلیٹ فارم تشہیری کاوشیں نیز ایک نئی ویب سائٹ شامل ہے جو ایک ہی جگہ پر نیو یارک میں اسقاط حمل کے حقوق، فراہم کنندگان، تعاون اور ادائیگی کے آپشنز کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
نیویارک اسٹیٹ | ایگزیکٹو چیمبر| press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418